© rasailojaraid.com

حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مد ظلہ

# خطبۂ عید الفطر:۔

# قیام پاکستان کے پچاس سال یا نقض میثاق کی نصف صدی

حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مد ظلہ نے عید الفطر کے موقع پر اکوڑہ خٹک کی مرکزی عید گاہ میں مورخہ ۲۰ مارچ ۹۶ء کو مختصر خطاب فرمایا تھا وہ ٹیپ ریکارڈ کی مدد سے حافظ محمود الحسن متعلم دارالعلوم حقانیہ نے محفوظ کیا یہاں الحق کے قارئین کی نذر ہے (ادارہ)

**الحمد لحضرة الجلالہ والصلوة والسلام علی خاتم الرسالہ اما بعد فاعوذ باللہ من الشیطان الرجیم بسم اللہ الرحمن الرحیم ○**

**وان تتولوا یستبدل قوما غیر کم ثم لا یکونوا امثالکم ○**

واجب الاحترام بھائیو! وقت کم ہے اور ہماری کوشش یہ ہوگی کہ وقت مقررہ پر ٹھیک نو بجے نماز کھڑی ہو جائے لیکن بہت بڑا ہجوم اور اجتماع ہے اور گرد و نواح سے لوگ بہت بڑی تعداد میں آ رہے ہیں تو اگر ان کی وجہ سے پانچ دس منٹ کی تاخیر بھی ہو جائے تو آپ جلد بازی نہ کریں اللہ تبارک و تعالیٰ کے دربار میں ہم سب جمع ہیں یہ ایک ایک لمحہ اپنے لیے غنیمت سمجھیں یہ لہو و لعب اور میلے ٹھیلے کا دن نہیں نہ یہ چیزیں آخرت میں کام آئیں گی بہت سے لوگوں پر نماز کا یہ وقت بہت گراں ہوتا ہے اور انتظار نہیں کر سکتے جیسے جیل میں ایک قیدی ہو اسی طرح مسجد منافق کے لیے ایک جیل کی مانند ہے اور مومن کے لیے گویا جنت ہے تو بہت سے لوگ ہماری اس جلد بازی کی وجہ سے محروم ہو جاتے ہیں

محترم بھائیو! کسی خاص موضوع پر تقریر کا وقت نہیں چند محدود منٹ ہیں صرف اتنا عرض ہے کہ آج اللہ تعالیٰ نے ہمیں بہت بڑی نعمت سے نوازا ہے جو رمضان کی نعمت تھی قران کی نعمت تھی اور قیام اللیل کی نعمت تھی آج ہم اسی خوشی میں جمع ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے ہمیں ان عظیم نعمتوں سے نوازا ہے مسلمانوں کی عیدیں عبادات کے ساتھ وابستہ ہیں قومیں ملک فتح کرتی ہیں تو جشن مناتی ہیں موسم بدلتا ہے تو عید ہوتی ہے ایک بادشاہ ملک فتح کرتا ہے یا پیدا ہوتا ہے تو ان کی عید ہوتی ہے ہماری عید ان باتوں پر نہیں ہماری عید اللہ نے اپنی بندگی اور عبادت سے وابستہ کی ہے آج ہم اس لیے خوشی کا اظہار کر رہے ہیں کہ ہم نے اللہ تعالیٰ کے بہت بڑے انعام کو جو روزہ تھا اور جس کے ذریعے ہم نے ایک بڑے دشمن پر قبضہ کیا جو ہمارا



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



نفس ہے اپنے نفس کو کنٹرول کرنا اور اس کو اپنے قبضے میں کرنا یہ بہت بڑے بہادری ہے انسان کے لیے کسی ملک کو فتح کرنا اور ایک بڑے دشمن کے قلعہ کو فتح کرنا اتنا بڑا کام اور بہادری نہیں ہے کہ جتنی انسان کے لیے اپنے نفس کو قابو میں رکھنا اور اسے دبانا۔ اللہ تعالیٰ نے روزہ اس لیے مقرر کیا ہے کہ اے انسان تم اشرف المخلوقات ہو تم حیوان نہیں ہو حیوان اپنی خواہشات کنٹرول نہیں کر سکتا تم انسان ہو اور انسان اس وجہ سے انسان ہے کہ اللہ نے اسے یہ طاقت دی ہے کہ وہ اپنے نفس کو کنٹرول کر سکے

**و نھی النفس عن الھوی فان الجنتہ ھی الماوی**

کہ جس نے نفس کو خواہشات سے منع کیا جنت اس کے لیے ماوی اور ٹھکانہ ہے

محترم بھائیو! یہ خوشی کا دن ہے لیکن عبادت رجوع الی اللہ **انابت الی اللہ** اور رونے کے لیے ہم عید گاہ آتے ہیں کہ اللہ نے ہمیں تو بہت بڑا موقع عطا فرمایا تھا اے اللہ ہم آپ کے شکر گزار ہیں اور آپ کے حضور سر بسجود ہیں اور یہ آپ کا کرم ہے کہ آپ کے دربار میں حاضر ہیں اور اے اللہ ہم سے رمضان کے مہینے میں کوتاہیاں ہوئی ہیں ہم نے حق ادا نہیں کیا اور ہم نے آپ کے روزے کی قدر و قیمت نہیں جانی آج ہم جمع ہیں کہ اللہ تو ان سب سے درگزر فرما اللہ تعالیٰ کا آج بھی اعلان ہے

**یعبادی الذین اسرفوا علی انفسہم لاتقنطوا من رحمتہ اللہ ان اللہ یغفر الذنوب جمیعا** اے بندوں تم نے اپنے اوپر ظلم کیا روزے میں بھی اپنے آپ کو جہنم کی آگ سے نہ بچا سکے پھر بھی مایوس نہ ہوں آؤ یہاں پر سر بسجود ہو جاؤ اللہ تعالیٰ تمام گناہوں کو بخشتا ہے آج ہم اگر اللہ کے دربار میں روئیں کہ اللہ ہم کو بھی جنتیوں کی لسٹ میں شامل کرا دیں اور ہم کو جہنم سے برات نصیب فرما دیں تو اللہ تعالیٰ کی رحمت کے دروازے کھلے رہتے ہیں روزے میں ہمیں دو نعمتیں ملیں ایک روزے کو اللہ نے بہت بڑی نعمت بنا کر بھیجا مغفرت کا زریعہ بنایا دوسری یہ کہ اللہ نے مسلمانوں کیلئے قران روزے کے مہینے میں نازل فرمایا **شھر رمضان الذی انزل فیہ القران** اور **انا انزلنا ہ فی لیلتہ القدر** قران مجید رمضان میں نازل ہوا اور لیلتہ القدر میں نازل ہوا ہے لیلتہ القدر عموما آخری عشرہ کے ۲۷ رمضان کے ہوتا ہے اور اس دفعہ ۲۷ رمضان ایسے موقع پر آیا کہ پاکستان کے حصول کے پچاس سال پورے ہو گئے پچاس سال پر لوگ گولڈن جوبلی مناتے ہیں اسلام اور قران کے بعد پاکستان اللہ تعالیٰ کی طرف سے بہت بڑی نعمت ہے ایک نظریہ کے تحت اللہ تعالیٰ نے ہمیں یہ مملکت عطا فرمائی ۲۷ رمضان پر اللہ نے قران پاک نازل فرمایا اور اسی ہی دن ہمیں یہ مملکت عطا کی تو ہم کس منہ سے ایسے جشن منائیں جس میں منکرات ہوں اور فحاشی ہو اللہ تعالیٰ نے ہمیں اس لیے یہ ملک نزول قران کے موقع پر عطا فرمایا کہ اس میں اشارہ اس طرف تھا کہ اس ملک کا دستور قران ہو گا کیونکہ ہم نے یہ ملک لاالہ الا اللہ کے نام پر حاصل کیا ہے تو تمہارا دستور بھی قران ہی ہو گا کہ جو قیام



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



پاکستان کی تاریخ پر نازل ہوا ہے قران اور پاکستان لازم و ملزوم ہوں گے یہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہمیں ایک سبق تھا لیکن ہم نے اس سبق کو پس پشت ڈال دیا ہم بجائے ۲۷ رمضان کو انگریزوں کے نقش قدم پر چلتے ہوئے ۱۴ اگست کو نمایاں کرتے ہیں اور ۱۴ اگست کو جشن آزادی مناتے ہیں تاکہ لوگوں کو ۲۷ رمضان یاد نہ رہے اور وہ ہماری قوم کی نظروں سے اوجھل رہے

محترم بھائیو! ہم تو کہتے ہیں کہ ہمیں آزادی کا جشن منانے کا کوئی حق نہیں ہم نے پچاس سال کو اللہ تعالیٰ سے کیے گئے عہد میثاق کو تہس نہس کیا پاکستان کا مطلب کیا لا الہ الا اللہ کہا گیا لا الہ الا اللہ کو پیچھے چھوڑ دیا گیا ہم نے قران پس پشت ڈال دیا اور اگر ہم اس پچاس سال پر نظر دوڑاتے ہیں تو ہمیں اللہ تعالیٰ کی اس نعمت کی ناقدری ہی نظر آتی ہے جس کے نتیجے میں ہم عذاب میں مبتلا ہیں آج تمام ملک آزادی کے پچاس سال گزرنے کے باوجود پریشانیوں اور بحرانوں میں مبتلا ہے عوام ہیں یا خواص علماء ہیں یا وکلاء مزدور ہیں یا طالب علم سب ایک عذاب میں مبتلا ہیں سوائے ذلت منافقت لوٹ کھسوٹ رشوت کرپشن کے علاوہ ہمیں پچاس سال میں کچھ نظر نہیں آتا ہمارے ساتھ کافر قومیں آزاد ہوئیں چین آزاد ہوا اسرائیل آزاد ہوا ہے وہ کس مقام پر پہنچ گئے ہیں اسلام تو بہت پیچھے رہ گیا ہے اقتصادی لحاظ سے معاشی لحاظ سے الغرض ہر لحاظ سے ہم انتہائی پستی میں ہیں ترقی تو بہت بڑی چیز ہے ہمیں تو جو ملک اللہ نے دیا تھا ہم نے اسے گروی اور رہن کر دیا ہے آج ہمارے تمام وسائل کفار کے ہاتھوں میں جا رہے ہیں یعنی ہم تمام تر انہی کے رحم و کرم پر ہیں ہمارا پیٹرول ہماری بجلی ہماری گیس آٹا چینی اور دیگر اشیاء صرف کے نرخوں کا تعین بھی امریکی اور یہودی کرتے ہیں اس سے زیادہ غلامی اور کیا ہو گی کفار کا نظام تبدیل نہیں کیا گیا تو اللہ نے ہمیں ذلت اور رسوائی کے گڑھے میں پھینک دیا

محترم حضرات! میں کہا کرتا ہوں کہ بنی اسرائیل اور ہماری حالت ایک جیسی ہے بنی اسرائیل پر اللہ تعالیٰ نے رحم کیا ان کو کفار کی غلامی سے آزادی دی نجات دلائی ان کو فرعون کی ظالم طاقت سے آزاد کیا ایک عظیم نعمت اور احسان ان پر کیا لیکن بنی اسرائیل نے ناقدری کی اور ان وعدوں کو چھوڑ دیا تو آپ کو معلوم ہے اللہ نے ان کے ساتھ کیا کیا اللہ نے ایک جنگل اور صحرا میں ان کو ڈال دیا جسے وادی تیہ کہتے ہیں وہ وادی تیہ میں حیران اور سرگرداں پھرتے تھے تیہ کہتے ہیں بھٹکنے کو گم ہو جانے کو **یتیھون فی الارض** (بھٹکتے پھر رہے ہیں زمینوں میں) آج پوری قوم بھٹکی ہوئی ہے اور حیران و پریشان ہے اور سخت بے چینی اور اضطراب میں ہے کہ کدھر جائیں سیاست دان ہیں کہ حکمران ہیں اپوزیشن ہے کہ فوج ہے علما ہیں یا دینی جماعتیں ہیں کسی کو بھی منزل کا علم نہیں لوگ ہم سے پوچھتی ہیں کہ کیا ہو گا کدھر جائیں ہم کہتے ہیں کہ بھائی ہمیں بھی راستے کا علم نہیں ہم آپ سے زیادہ حیران اور سرگرداں ہیں یہ کیا ہے یہ وادی تیہ ہے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



پاکستان بدعملی کی وجہ سے کفران نعمت کی وجہ سے آج قوم کے لیے وادی تیہہ بنا ہوا ہے اور کفار کے لیے ہم کھلونا بنے ہوئے ہیں کفار سب ایک ہو گئے ہیں آج روس کی امریکہ کے ساتھ دشمنی ختم ہو چکی ہے او روس کی چین کے ساتھ دشمنی ختم ہے اور ہندو سب ایک ہو گئے ہیں یہود و ہنود امریکہ اور یورپ و روز سب ایک ہیں اور ان کا صرف ایک ٹارگٹ ہے اور وہ یہ کہ اس ملت مسلمہ کو ختم کر دو اس ملت مسلمہ کا سر اٹھانے نہ دو اس ملت مسلمہ کو غلام بنائے رکھو اس ملت کی دین دار طاقتوں کو ختم کر دو اس ملت مسلمہ کا طالب علم مولوی مدرس شیخ داڑھی والا اور اسلامی لباس والوں کو ختم کر دو یہ انہوں نے اعلان جنگ کر ہے اور ہم آپس میں لڑنے سے فارغ نہیں ہوتے ہمارے سیاست دان اور حکمران ایک دوسرے سے دست وگریباں ہیں اور ہم عوام گھر گھر لڑ رہے ہیں بھائی بھائی کیساتھ الجھا ہوا ہے دشمن سر پہ کھڑا ہے وہ کہتے ہیں کہ یہ بنیاد پرست ہے انتہا پسند ہیں وحشی ہیں ان کو سر اونچا نہ کرنے دو ان کا پیٹرول ان کی گیس ان کی معاشی قوتیں سب کی سب اپنے قبضے میں لے لو آج پاکستان گروی ہے رہن ہے ایسٹ انڈیا کمپنی کی طرح ہماری بندر گاہوں اور ہماری سورسز پر ان کا تسلط ہے

تو محترم بھائیو اسلام میں اجتماعیت ہے اسلام ہمیں اتفاق و اتحاد کا درس دیتا ہے یہ عید کا دن اس لیے ہے کہ اگر ہم جمعہ میں یکجا نہ ہوئے تو عید کے موقع پر یکجا ہو جائیں گے اکٹھے بیٹھ جائیں فکر کریں اور اپنے اعمال کا محاسبہ کریں تمہاری ملت کے ساتھ دشمن کیا کرتا ہے اس کا بھی جائزہ لیں حج میں اللہ تعالیٰ ہمیں جمع کرتا ہے اسی طرح اسی عید گاہ میں آپ ہزاروں کی تعداد میں جمع ہیں تو آئیے اپنے اندر اجتماعیت پیدا کریں ایک ہو جائیں ورنہ دنیا میں ہمارا دشمن ایک ہو گیا ہے آج روس کے ساتھ امریکہ کی جنگ ختم ہونے کے بعد امریکہ اور روس کا صرف ایک ہی فیصلہ ہے کہ ہمارا سب سے بڑا دشمن مسلمان ہے آج کلنٹن کو نیند نہیں آتی ان کو پتہ ہے کہ مسلمان بیدار ہو گئے ہیں ان میں جہاد کی سپرٹ ہے ایمان اور جہاد کے مقابلہ میں کوئی چیز آ ہی نہیں سکتی آج آپ اپنے اعمال کا محاسبہ کریں اپنی خامیاں دور کریں اور ان پر نظر کریں اور حکمرانوں سیاست دانوں علماء اور عوام کے لیے یہ سوچ کا موقع ہے

بھائیو! آج بوسنیا میں یورپ مسلمانوں کے قتل عام میں مصروف ہے اپنے ہی یورپیوں کو برداشت نہیں کر سکتا بوسنیا والے تو کوئی غیر یورپی نہیں لیکن وہ لا الہ الا اللہ کہتے ہیں آج کشمیر میں ہندو مسلمانوں کو برداشت نہیں کر سکتا کشمیر ہمارے جسم کا لازمی حصہ ہے شہ رگ ہے آج یہودی فلسطین میں گھناؤنا کھیل کھیل رہے ہیں فلسطین کو ٹکڑے ٹکڑے کر دیا ہے آج روس اپنے لوگوں کے ساتھ کہ جو چیچنیا میں لا الہ الا اللہ پڑھتے ہیں چیچنیائی مسلمانوں کو برداشت نہیں کر سکتا

تو سمجھو اے مسلمانو! **الکفر ملتہ واحدۃ** کہ کفر ایک ملت ہے اور مسلمان دوسری ملت ہیں ایک طرف اللہ



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



تعالیٰ فرماتے ہیں حزب الشیطان اور دوسری حزب اللہ شیطانی طاقتیں سب ایک ہو چکی ہیں جو اپنے آپ کو اللہ کا حزب کہتے ہیں وہ تہس نہس ہیں وہ ایک دوسرے کے ساتھ جھوٹ بولتے ہیں ایک دوسرے کا حق مارتے ہیں ایک دوسرے کی آبروز ریزی کرتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے ایسے دن پر اعلان کیا ہے کہ اے مسلانوں کی جماعت اے گروہ مومنین کہ تم منہ پر تو مسلمان ہو لیکن دل تک آپ کے ایمان ابھی تک نہیں پہنچا کیوں اس لیے کہ مسلمان مسلمان کے ساتھ غداری کرتا ہے مسلمان مسلمان کے مال میں خیانت کرتا ہے حالانکہ **لا یخونھم** یعنی مسلمان کے مال میں خیانت نہیں کرنی چاہیے **لا یکذبہ** مسلمان مسلمان کے ساتھ جھوٹ نہیں بولتا **ولا یخذلہ** یعنی ایک مسلمان دوسرے مسلمان کو ذلیل نہیں کرتا رسوا نہیں کرتا اور ہم رات دن اسی میں گزارتے ہیں کہ دوسرے مسلمان کو ذلیل کریں کس طرح اس میں عیوب پیدا کریں حضورؐ کا ارشاد ہے **من ستر علی اخیہ فی الدنیا** ایک مسلمان اگر دوسرے مسلمان بھائی پر پردہ ڈالے **ستر اللہ علیہ یوم القیمتہ** تو اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اس کی پردہ پوشی فرمائے گا اور بڑے بڑے عیوب قیامت کے دن چھپ جائینگے اور اسی طرح حضور کا فرمان ہے کہ **من نفس عن مسلم کربتہ من کرب الدنیا نفس اللہ علیہ کربہ من کرب الاخرۃ** اگر ایک مسلمان نے دوسرے مسلمان کی دنیاوی تکلیف دور کی تو اللہ تعالیٰ اس کی اخرۃی تکلیف دور فرمائیں گے

تو میرے محترم بھائیو! آج ہم کو رونا چاہیے اللہ کے سامنے گڑگڑانا چاہیے آج ہماری پوری قوم کو اجتماعی توبہ کرنا چاہیے پاکستان پچاس سال کے بعد بھی اللہ کے ساتھ عہد کو پورا نہیں کر سکا نقض عہد اور نقض میثاق کا وبال ہے **فبما نقضھم میثاقھم لعنّھم** اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ انہوں نے میرے ساتھ میثاق کیا کہ پاکستان کا مطلب کیا ہے تو سب نے کہا لا الہ الا اللہ اور پھر اس عہد کو توڑ دیا **لعنّھم** ہم نے ان پر لعنت بھیج دی **لعنت بعد عن الرحمتہ** یعنی اللہ کی رحمت سے دوری آج پوری قوم پورا پاکستان تمام سیاست دان اور تمام لیڈروں کو اللہ تعالیٰ نے اپنے رحمت سے دور فرمایا ہے

تو محترم حاضرین آیئے آج ہم عہد کریں پچاس سال میں جو غلطیاں ہوئی ہیں ان کا ازالہ کریں محترم بھائیو وقت کم ہے آیئے دعا کریں اے اللہ عالم اسلام پر رحم فرما اور اس ملک پر اپنی رحمتیں نازل فرما اور ہماری کوتاہیوں سے درگزر فرما اے اللہ ہمارا آپ کے ساتھ عہد ہے کہ اس ملک میں آپ کے دین کا جھنڈا سربلند کریں گے آپ کا نظام رائج کریں گے اور کفار کے تسلط سے اس ملک کو آزاد کریں گے امریکہ اور برطانیہ کی غلامی کا طوق اپنے گردنوں سے اتار پھینکیں گے ہمارے بزرگوں نے اس ملک کے لیے ڈیڑھ سو سال تک کتنی قربانیاں دیں جیلوں میں رہے کالا پانی عبور کیا پھانسی پر چڑھے وہ کس لیے تھا آیا اس لیے کہ امریکہ اور برطانیہ کی نمائندے اور منافق ایجنٹ اور ان کے مفادات کا تحفظ کرنے والا ٹولہ ہمارے اوپر مسلط

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ہو اور وہ غریبوں کا خون چوسیں اے اللہ ہمارے اس نقشہ کو بدل دے عالم اسلام پر رحم فرما بوسنیا کشمیر فلسطین چیچنیا تاجکستان اور روسی ریاستوں کے مسلمان منتظر ہیں اے اللہ ہم سب پر رحم فرما ملت اسلامیہ بیدار فرما افغانستان کی خانہ جنگی اے اللہ ختم فرما اور پاکستان میں اللہ صحیح اہل مخلص اور دیانت دار لوگوں کو سامنے لائے تاکہ غریبوں کے مسائل حل ہو جائیں اور تمام عالم اسلام کی مشکلات حل فرما اور ان تمام حاضرین کا دامن اپنی بے پایاں رحمتوں سے بھر دے اور کسی کو بھی عید گاہ سے محروم نہ فرما

وآخر دعوانا ان الحمد للہ رب العالمین

## مولانا ضیاء القاسمی صاحب کو صدمہ

پاکستان کے مشہور عالم دین اور نامور خطیب مولانا محمد ضیاء القاسمی صاحب کی والدہ محترمہ ۲۴ر فروری کو انتقال کر گئیں۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ دارالعلوم حقانیہ میں مرحومہ کے ایصالِ ثواب کے لئے قرآن خوانی کی گئی۔ دارالعلوم حقانیہ اور ادارہ الحق سوگوار خاندان کے ساتھ تعزیت کرتے ہوئے دست بدعا ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو اپنی جوارِ رحمت میں جگہ دے اور پسماندگان کو صبرِ جمیل عطا فرمائے۔ آمین (ادارہ)

## ضروری اطلاع

### ٹیلیفون نمبرات کی تبدیلی

قارئین کرام! ہمارے نئے ٹیلیفون نمبرات نوٹ فرمائیں۔

| | |
|---|---|
| نوشہرہ کوڈ: ۰۵۲۳۱ دفتر دارالعلوم حقانیہ | ۶۳۰۴۳۵ |
| حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مہتمم دارالعلوم حقانیہ | ۶۳۰۳۴۰ |
| حضرت مولانا انوار الحق صاحب نائب مہتمم دارالعلوم حقانیہ | ۶۳۰۳۴۱ |
| مولانا حامد الحق حقانی | ۶۳۰۳۴۴ |
| جناب شفیق الدین فاروقی مینیجر ماہنامہ الحق | ۶۳۰۰۷۴ |
| حافظ راشد الحق سمیع ایگزیکٹو ایڈیٹر ماہنامہ الحق | ۶۳۰۲۴۴ |



© rasailojaraid.com